سوال

(514)حج کےلیے داماد کو محرم بنانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مجھےاپنے شوہر کے ساتھ چالیس سال ہونے کو آئے ہیں۔ میں جب اسے حج کا کہتی ہوں تومان جاتا ہے مگر عین موقعہ پر انکار کر دیتا ہے۔ ان لوگوں نے گائے بکریاں پال رکھی ہیں اور وہ چاہتےہیں کہ میں ان کی ہی خدمت کرتی رہوں۔ میرے شوہر نے پانچ حج کرلیے ہیں۔ میری بھی خواہش ہے کہ حج کروں، توکیا میرےلیے جائز ہے کہ اپنے دامادوں کے ساتھ حج کرنے چلی جاؤں؟ خیال رہے کہ میں نے ایک داماد کے ساتھ حج کےلیے جانے کا کہا ہے تو شوہر نے انکار کر دیا اور اجازت نہیں دی۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر آپ کے حالات شوہر کے ساتھ ایسے ہی ہیں جیسے کہ بیان کیےگئے ہیں اور آپ نے ابھی تک فریضہ حج ادا نہیں کیا ہے یا عمرہ بھی نہیں کیا ہے، تو آپ پر واجب ہے کہ اپنے ان محرموں کے ساتھ جن کا آپ نے ذکر کیا ہے حج کےلیے چلی جائیں، خواہ شوہر اجازت نہ بھی دیتا ہو۔ کیونکہ آپ کا طاقت ہوتے ہوئے حج چھوڑنا حرام ہے، اوراللہ کی نافرمانی میں مخلوق کی کوئی اطاعت نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 383

محدث فتویٰ